اجنتا آرٹ پکچرز کا

مجھے جینے دو

मुझे जीने दो

اداکاران
سنیل دت
وحیدہ رحمان
نروپا رائے
انور حسین

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

مجھے جینے دو کے گانے

گانا نمبر۱

اب کوئی گلشن نہ اُجڑے اب وطن آباد ہے
روح گنگا کی ہمالیہ کا بدن آزاد ہے
کھیتیاں سونا اُگائیں وادیاں موتی لٹائیں
آج گوتم کی زمین تلسی کا بن آزاد ہے
اب کوئی گلشن —
مندروں میں سنکھ باجے مسجدوں میں ہو اذاں
شیخ کا دھرم اور دینِ برہمن آزاد ہے
اب کوئی گلشن —
لوٹ کیسی بھی ہو اب اس دیش میں رہنے نہ پائے
آج سب کے واسطے دھرتی کا دھن آزاد ہے
اب کوئی گلشن —

گانا نمبر۲ نہ موہے تا یوں گھور گھور کر دیکھ
نظر لگ جائے گی ہائے رام
نظر لگ جائے گی
منو جی موری سانس نند سے بڑی ظالمی
خبر لگ جائے گی لگ جائے گی نظر لگ جائے گی
آلی الیاچ ڈگر ادھر کر لال چنر گھونگھٹ والی گھمکیم

گھومتی گھوم گھوم ڈولتی اِدھر اُدھر
موری ریشم سی کمر ہو ہے یوں نہ دیکھو
یوں نہ دیکھو یوں نہ دیکھو جی نظر لگ جائے گی
مورا بالکا رے مَن جس بے جتیا مورا مَن
کرو کیوں مو سے جتن دیکھو چھوتا نہ بدن
ہیں موں چندا کی کرن کہیں لاگے نہ کہیں
مو ہے یوں نہ دیکھو
نظر لگ جائے گی

گانا نمبر ۲ رات بھی ہے کچھ بھیگی بھیگی
چاند بھی ہے کچھ مدھم مدھم
تم آؤ تو آنکھیں کھولیں سوئی ہوئی پائل کی چھم چھم
چھم چھم چھم چھم چھم
کس کو بتائیں کیسے بتائیں
آج عجب ہے دل کا عالم
چین بھی ہے کچھ ہلکا ہلکا درد بھی ہے کچھ مدھم مدھم
چھم چھم
ہوش میں تھوڑی بے ہوشی ہے بے ہوشی میں ہوش ہے کم کم
تجھ کو پانے کی کوشش میں دونوں جہاں سے کھو گئے ہم
چھم چھم
جھکتے دل پر یوں گرتی ہے
تیری نظر سے پیار کی شبنم ۱۰ بیساں پرول

جلتے ہوئے جنگل پر جیسے برکھا برسے رُک رُک تھم تھم
چھم چھم ———
رات بھی ہے کچھ بھیگی بھیگی
تم آؤ تو آنکھیں کھولے سوئی ہوئی پایل کی چھم چھم
گاما پا نسا انگ میں بھر لے رنگ ری
آنچل بھر لے تارے ملن رُت آئی
جائے گی تو اُن سنگ سکھی ری
جو تو ہے لاگے پیارے ۔ ملن رُت ———
کوئی چاندی کے رتھ میں آیا ہے میرے بابل کی راجدھانی میں
میں اسے دیکھتی تھی یوں چھپ چھپ کر
ایک ہلچل سی ہے جیون میں
پھڑکے اِک اِک انگ سکھی ری
کون خوشی کے مارے ۔ ملن رُت ———
سُرخ جوڑا ہے میری باہوں میں سرخ جوڑا میرے بدن پر
سب کی نظریں ہیں میرے چہرے پر اور میری نظر سجن ہے
مچلی جائے اُمنگ سکھی ری دھڑکن کرے اشارے
ملن رُت ———
میری ڈولی سجی ہے ہیں کیا پھول بکھرے ہوئے ہیں راہوں میں
جن باہوں کی آرزو تھی مجھے جا رہی ہوں اُن کی باہوں میں
انگنا لاگے تنگ سکھی ری پیا جب بانہہ لیا رے
ملن رُت

گانا نمبر۵:۔ موکو پیہر میں مت چھیڑ رے بالم
دھرے دھیرج جھجریا ہیں
بھری جوانی موری دیکھ کے بالم
موکو چھیڑ و نا بیچ ڈگریا ہیں
موکو پیہر میں ——
تمرو سا مُرد ما جگ میں وُ
وہ تو جگ رہی بھوج کو لُٹھ دیں
موکو پیہر میں ——
بھور ہوت تورے سنگ چلوں گی
پھر رہوں گی بس تمری اٹریا ہیں
موکو پیہر میں ——
تم جو نا مانو پیا میری عرضیا
گاری دوں گی بیچ بجریا ہیں
موکو پیہر میں ——
گانا نمبر۶:۔ ندی ما رے نا جیاؤ شیام پیّاں پروں
ندی ما رے جو جیاؤ تو جیبے کرو
بیچ دھارے نا جیاؤ شیام پیّاں پروں
بیچ دھارے جو جیاؤ تو جیبے کرو
اُس پارے جو جیاؤ شیام پیّاں پروں
اِس پار رے جو جیاؤ تو جیبے کرو
سنگ موہنیاں نا لاؤ شیام پیّاں پروں

سنگ سونیا جو لاؤ تو بیاہ کرو
ہم کا نہ ملاؤ شیام بتیاں پڑوں
ندی نارے نا جاؤ شیام پیّاں پڑوں

گانا مرے تیرے بچپن کو جوانی کی دعا دیتی ہوں
اور دعا دیکے پریشان سی ہو جاتی ہوں
میرے منّے میرے گلزار کے ننھے پودے
تجھ کو حالات کی آندھی سے بچانے کے لئے
آج میں پیار کے آنچل میں چھپا لیتی ہوں
کل یہ کمزور سہارا بھی نہ حاصل ہوگا
کل تجھے کانٹوں بھری راہ پہ چلنا ہوگا
زندگی کی کڑی دھوپ میں جلنا ہوگا

——— تیرے بچپن

تیرے ماتھے پہ شرافت کی کوئی مہر نہیں
جب کہ بوسے ہیں محبت کے سو وہ بھی کیا ہے
تجھ سی ماؤں کی محبت کا کوئی مول نہیں
میرے معصوم فرشتے تو ابھی کیا جانے
تجھ کو کس کس کے گناہوں کی سزا ملتی ہے
دین اور دھرم کے مارے ہوئے انسانوں کی
جو نظر ملتی ہے تجھ کو وہ خفا ملتی ہے

——— تیرے بچپن

بیڑیاں لیکے لپکتا ہوا قانون کا ہاتھ

تیرے ماں باپ سے جب تجھ کو ملی یہ سوغات
کون لائے گا تیرے واسطے خوشیوں کی برات
میرے بچے تیرے انجام سے جی ڈرتا ہے
تیری دشمن ہی نہ ثابت ہو جوانی تیری
کانپ جاتی ہے جیسے سوچ کے ممتا میری
ابھی انجام کو پہنچے نہ کہانی تیری
تیرے بچپن کو جوانی کی دعا دیتی ہوں
اور دعا دیکے پریشان

ختم شد

اردو ہندی ٹیچر

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	فومنچو کا سایہ	4/-/-
〃 〃 حصہ دوئم	1/4/-	فومنچو کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر فومنچو	3/-/-
دھلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر فومنچو کا انتقام	3/-/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی چھتری	1/-/-
بہادر نازنین	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
چینی فرشتہ	1/4/-	دو لاشیں	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/4/-	خونی کھنڈر	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	شہر غرستاں	-/12/-
موت کا مینار	1/4/-	گردش در دل	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا پرزہ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(مسعود یعقوب پریس محمودی ہاؤس دریا گنج دہلی)